SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر III مجریہ ۱۹۹۱

SINDH ORDINANCE NO.III OF 1991

سندھ مالیات (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۱

THE SINDH FINANCE (AMENDMENT) ORDINANCE, 1991

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

1. ۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXIV کی دفعہ ۱۲ کی ترمیم

Amendment of Section 12 of W.P Act XXXIV of 1964

2. ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۸ کی ترمیم

Amendment of Section 8 of Sindh Act XV of 1975

سندھ آرڈیننس نمبر III مجریہ ۱۹۹۱

SINDH ORDINANCE NO.III OF 1991

سندھ مالیات (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۱

THE SINDH FINANCE (AMENDMENT) ORDINANCE, 1991

[۲۶فروری۱۹۹۱]

آرڈیننس، جس کی توسط سے سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۶۴اور سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۷۵میں ترمیم کی جائیگی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ مالیات ایکٹ ۱۹۶۴اور سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہو گیا ہے۔

جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے۔

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1. (1)اس آرڈیننس کو سندھ مالیات (ترمیم) آرڈیننس، 1991 کہا جائیگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۱۹۶۴ کے مغربی پاکستان ایکٹ XXXIV کی دفعہ ۱۲ کی ترمیم
Amendment of Section 12 of W.P Act XXXIV of 1964

۲۔ سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۶۴ کی دفعہ ۱۲ میں:

(i) ذیلی دفعہ (۲) کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائیگی:

"(2-A) ذیلی دفعہ (1) کے تحت واجب الادا سیس پر فی ۴۰ کلو گرام پر پندرہ پیسے کے حساب سے سرچارج لگائی جائیگی کہ جیسے سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ کے تحت بنائی گئی کائونسل کے تحت جاری واٹر سپلائی ڈرینیج اسکیموں کے اخراجات مکمل کرسکے"؛

(ii) ذیلی دفعہ (3) میں، لفظ "سیس" اور لفظ "واجب الادا" کے درمیاں لفظ اور "سرچارج" شامل کیئے جائینگے۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۸ کی ترمیم
Amendment of Section 8 of Sindh Act XV of 1975

۳۔ سندھ مالیات ایکٹ، ۱۹۷۵ کی دفعہ ۸ میں:

(i) ذیلی دفعہ (1) کے بعد مندرجہ ذیل نئی ذیلی دفعہ شامل کی جائیگی:

"(1-A) ذیلی دفعہ (1) کے تحت واجب الادا فی پر فی ۱۰۰ کلو گرام پر پچاس پیسے کے حساب سے سرچارج لگائی جائیگی کہ جیسے کائونسل کی جانب سے جاری واٹر سپلائی ڈرینج اسکیموں کے اخراجات مکمل کرسکے؛

(ii) ذیلی دفعہ (۲) میں الفاظ اور عدد "ذیلی دفعہ (1) کے تحت فی" کے لیئے لفظ "فی اور سرچارج" متبادل ہونگے؛

(iii) ذیلی دفعہ (3) میں، لفظ "فی اور کے لیئے لفظ اور کاما "فی سرچارج اور " متبادل ہونگے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔